# بلاغة الواضح

کنزالمدارس بورڈ
کے نصاب کے
عین مطابق
معروضی سوالات

مولانا ناصر مدنی

محمد مصدق محمد فضیل

جامعۃ المدینہ فیضان مدینہ بھلوال

۱۔ علم البیان کا پہلا باب کس چیز کے بارے میں ہے؟

(۱) تشبیہ اور اس کے ارکان (۲) تشبیہ کی اقسام (۳) تشبیہ کی اغراض

۲۔ انت کاالشمس فی الضیا ---- یہ شعر اپنے ممدوح کی تعریف میں کہا؟

(۱) ابو علامعری نے (۲) ابن وکیع نے (۳) بشار بن برد نے

۳۔ کیوان کا معنی ہے ؟

(۱) شہسوار (۲) سونا (۳) زحل ستارہ

۴۔ مثلاثی الطلعة کامعنی ہے؟

(۱) چمکنی پیشانی والا (۲) روشن چہرے والا (۳) بہادر

۵۔ ضیاء کا معنی ہے؟

(۱)اندھیرا (۲) روشنی (۳) بہار

٦۔ أنت كالبت في الشجاعة والاقدام . والسيف في قراع الخطوب - مذکورہ شعر میں شاعر نے اپنے ممدوح کے کتنے اوصاف بیان کیے ہیں،

(۱)۴ (۲) ۳ (۳) ۲ (شجاعت، مصائب زمانہ کا مقابلہ کرنا)

۷۔ مذکورہ شعر میں انت ہے؟

(۱)مشبہ (۲) مشبہ بہ (۳) وجہ شبہ

۸۔ کان اخلاقك في لطفيها - ورقة فيها نسيم الصباح - مذکورہ شعر میں اداہ تشبیہ ہے؟

(۱)لطف (۲) رقه (۳) کان

۹۔ علی الجارم کی پیدائش کس سال ہوئی ؟ .

(۱) 1881 1886(۲) (۳) 1891ء

۱۰۔ مصطفیٰ امین کی پیدائش کس شہر میں ہوئی .3

(۱) رشید (۲) قاہرہ (۳) اسکندریہ

۱۱۔ بلاغتِ واضح کے مصنفین کون ہیں؟

(۱) علی الجارم اور احمد شوقی (۲) علی الجارم اور مصطفیٰ امین (۳) مصطفیٰ امین اور طہٰ حسین

.5مصطفیٰ امین کی وفات کس سال ہوئی؟

(۱) 1949ء (۲) 1952ء (۳) 1955ء

۱۲۔ كأنما الماء في صفاء . وقد جرى ذائب اللجين - مذکور شعر میں وجہ شبہ ہے؟

(۱) ماء (۲) ذائب اللحين (۳) في صفاء

۱۳۔ ارکان تشبیہ کتنے ہیں / تشبیہ کیلئے کتنے ارکان ضروری ہیں؟

(۱) دو (۲) تین. (۳) چار (مشبہ ، مشبہ به ،و جه شبه،اداة تشبه)

۱۴۔ جو مشابہت پر دلالت کرتا ہے اسے --- کہتے ہیں؟

(۱) اداة تشبیه (۲) وجه شبه (۳) طرفین تشبيه

۱۵۔ جسکو تشبیہ دینے کا ارادہ کیا جائے؟

(۱) مشبہ (۲) مشبہ بہ (۳) وجہ شبہ

۱٦۔ جس کے ساتھ تشبیہ دینے کا ارادہ کیا جائے ؟

(۱) مشبہ (۲) مشبہ بہ (۳) وجہ شبہ

۱۷۔ مشبہ، مشبہ بہ کہتے ہیں؟

(۱) اداہ تشبیه (۲) طرفین تشبیه (۳) مماثلین

۱۸۔ طرفین تشبیہ کے درمیان مشترک صفت کو کہتے ہیں؟

(۱) اداہ تشبیه (۲) وجه شبه (۳) غرض تشبیه

۱۹۔ کیا اداہ تشبیہ کاف اور کان کے علاوہ ہیں ؟

(۱) ہیں (نحو، مثل وغیرہ) (۲) نہیں ہیں (۳) طرفین تشبیه

۲۰۔ وجه شبہ کا زیادہ قوی اور ظاہر ہونا واجب ہے ؟

(۱) مشبہ میں (۲) مشبہ بہ میں (۳) دونوں میں

۲۱۔ کبھی کبھی تشبیہ میں مشبہ کو حذف کر دیا جاتا ہے۔ اسکے علم ہونے کی وجہ سے لیکن اسے ؟

(۱) عبارت میں مقدر مانا جاتا ہے (۲) رد نہیں کیا جاتا (۳) رد کر دیا جاتا ہے

۲۲۔ کالزهرة الزائلة (مرجھائے ہوئے پھول کی طرح) میں کالز حرہ ہے؟

(۱) خبر (۲) مبتدا محذوف کی خبر (۳) دونوں

۲۳۔ اور وہ مبتدا محذوف ---۔ ہے ؟

(۱)هو (ضمیر)　　　(۲) لیس　　　(۳) کوئی بھی نہیں

۲۴۔ سهیل کو جنة الحب فی اللون - وقلب المحب في الخفقان ---  مذکورہ شعر میں لون اور خفقان ہیں ؟

(۱) مشبہ　　　(۲) مشبہ بہ　　　(۳) وجہ شبہ

۲۵۔ کلام فلان کشهد في الحلاوة میں حلاوہ (مٹھاس) ہے ؟

(۱) مشبہ　　　(۲) مشبہ بہ　　　(۳) وجہ شبہ

۲٦۔ الناس کأسنان المشط في الاستواء - میں اسنان مشط (لنگھی کے دانوں) ہے؟

(۱) مشبہ　　　(۲) مشبہ بہ　　　(۳) وجہ شبہ

۲۷۔ قلبه کالحجارة قسوة وصلابة- میں قسوة اور صلابة (سختی اور قساوت) ہیں؟

(۱) مشبہ　　　(۲) مشبہ بہ　　　(۳) وجہ شبہ

۲۸۔ جملہ مکمل کریں کأن الجیل ---------- ؟

(۱) سیف القاطع　　　(۲) شجرلاتثمر　　　(۳) حدیث الممتع

۲۹۔ العزیمة الصادقة -------- ؟

(۱) سیف القاطع　　　(۲) شجرلاتثمر　　　(۳) حدیث الممتع

۳۰۔ الحدیث الممتع -------- ؟

(۱) سیف القاطع　　　(۲) شجرلاتثمر　　　(۳) نعم الاوثار

پہلے سبق ارکان تشبیہ کے شعر ، بحث اور تمرین) کے چند مشکل الفاظ کے معانی

قراع الخطوب : مصائب زمانہ کے ساتھ مقابلہ کرنا رقۃ : نرمی ذائب اللجین : پگھلی ہوئی چاندی کزھرۃ الذابلۃ : مرجھائے ہوئے پھول کی طرح رب لیل : بہت سی راتیں اسود الطیلسان : سیاہ چادر والی کوجبۃ الحب : محبوب کے رخسار

قلب المحب : عاشق کا دل خفقان : دھڑکنا اشراق : چمک دمک کاسنان المشط : کنگھی کے دانوں فی التوقد : بھڑکنے میں نظرۃ : کوئی آنکھ ملوک : بادشاہ بلھیب النار: آگ کی لپیٹ سیف المواضی : تیز تلوار البت : نافذ کرنا صفحۃ المراۃ، صاف آئینہ القطار: ٹرین الحصان: تھوڑا

۳۱۔ علم البیان کا دوسرا باب ہے ؟

(۱) تشبیہ کے ارکان (۲)تشبیہ کی اقسام (۳) تشبیہ کی اغراض

۳۲۔ أنا کہ الماء أن رضیت صفاء . واذا ما تخطت کنت بھیبا ۔ اس شعر کا ترجمہ ہے ؟

(۱) میں صاف و شفاف پانی کی طرح ہوں اگر میں خوش ہوں اور جب میں غصہ ہوتا ہوں تو آگ کا شعلہ بن جاتا ہوں

(۲) عمدہ گھوڑا تیزی میں اچک لینے والی بجلی کی طرح ہے۔

۳۳۔ سرنا في لیل بھیم کانہ البحر ظلاماً وارھا یا ۔ اس شعر کا ترجمہ ہے ؟

(۱) ہم تاریک رات میں چلے گویا وہ تاریکی اور خوفناکی میں سمند رہے

(۲) آپ بلندی اور روشنی میں ایک شارہ ہیں۔ آپ کی آنکھیں دیکھ سکتی ہیں چاہیے شرق میں ہوں یا مغرب میں۔

۳۴۔ مذکورہ دونوں شعر مثالیں ہیں ؟

(۱) تشبیہ بلیغ (۲) تشبیہ (۳) تشبیہ مرسل

۳۵۔ تشبیہ مرسل وہ ہوتا ہے جس میں ادارہ تشبہ -----؟

(۱) ذکر ہو (۲) ذکر نہ ہو (۳) کوئی بھی نہیں

۳٦۔ جس میں وجہ شبہ حذف ہو اسے کہتے ہیں؟

(۱) تشبیہ مفصل (۲) تشبہ مجمل (۳) تشبہ مرسل

۳۷۔ معروضی ۳۲،۳۳ والے اشعار مرسل کے ساتھ ساتھ ----- کی بھی مثال بن سکتے ہیں؟

(۱) تشبیہ مفصل (۲) تشبہ مجمل (۳) تشبہ بلیغ

۳۸۔ تشبیہ مفصل وہ ہوتا ہے جس میں وجہ شبہ ------ ؟

(۱) ذکر ہو (۲) ذکر نہ ہو (۳) کوئی بھی نہیں

۳۹۔ انت نجم " في رفعة وضياء - تجتليك العيون شرقا وغرباً- اس شعر کا ترجمہ ہے ؟

(۱) ہم تاریک رات میں چلے گویا وہ تاریکی اور خوفناکی میں سمند رہے

(۲) آپ بلندی اور روشنی میں ایک شارہ ہیں۔ آپ کی آنکھیں دیکھ سکتی ہیں چاہیے شرق میں ہوں یا مغرب میں۔

۴۰۔ مذکورہ شعر اور آنے والا شعر دونوں مثالیں ہیں :

(۱)تشبیہ بلیغ (۲) تشبیہ مؤکد (۳) تشبیہ مرسل

۴۱۔ الجواد في السرعة برق خاطف : اس کا ترجمہ ہے ؟

(۱)گھوڑا تیزی میں ایک کلینے والی بجلی کی طرح ہے

(۲) عالم دینی راہ دکھانے اور تاریکی کو ختم کرنے میں اپنی قوم کا چراغ ہے۔

۴۲۔ العالم سراج امتيه في الهداية وتبديد الظلام، شعر میں تشبیہ کی قسم ہے۔

(۱) مؤکد مفصل (۲) مرسل مفصل (۳) بلیغ

۴۳۔ زرنا حديقة كانها الفردوس في الجمال و لبهاء - شعر میں تشبیہ کی نوع ہے؟

(۱) مؤکد مفصل (۲) مرسل مفصل (۳) بلیغ

۴۴۔ مذکورہ شعر میں مشبہ ہے ؟

(۱) زرنا (۲) حديقة (۳) كانها ( ها ضمیر )

۴۵۔ ابن رومی نے اپنا شعر کی تاثیر میں کہا ؟

(۱) گانے والے کے نغمہ کی (۲) وہ ممدوح کی بہادری کی (۳) دونوں

۴٦۔ گویا سورج ایک دینار ہے جسکو ڈھالنے والے کی چوٹیوں نے صیقل کر دیا۔ یہ شعر ہے؟

(۱) ابن رومی کا (۲) ابن المعز کا (۳) کوئی بھی نہیں

۴۷۔ شام کا اما شب کوک کر ا کرنا ہے اس دوی کو مکر کرنے کیلئے ہے کہ ؟

(۱) اسکی حاجت نہیں ہوتی (۲) مشبہ عین مشبہ بہ ہے (۳) دونوں

۴۸۔ کون سی تشبیہ بلاغت کا مظہر ہے ؟

(۱) تشبیہ مرسل (۲) تشبہ مجمل (۳) تشبہ بلیغ

۴۹۔ اور یہی تشبیہ ماہرین فن شعراء اور ادباء کی مقابلہ آرائی کا ہے ،

(۱) وسیع میدان (۲) گھر (۳) دونوں

۵۰۔ فقرى القوم فيها صرعى كانهم أعجاز نخل خاوية مذکورہ آیت تشبیہ کی نوع ہے :

(۱) تشبیہ مفصل (۲) تشبہ مجمل (۳) تشبہ بلیغ

۵۱۔ مذکورہ آیت میں مشبہ ، مشبہ بہ ہے ؟

(۱) ھم ضمیر(اعجاز نخل خاویہ) (۲) قوم یفتری (۳) دونوں

# مشکل الفاظ کے معنی:

| | | | |
|---|---|---|---|
| لیل بھم، | تاریک را ت | نبت الربا | ٹیلے کی گھاس |
| دیبھا ، | اسکے اثر کی کیفیت | مسك | مشک، محبوبہ کے جسم سے پھوٹنے والی خوشبو |
| مفاصل نعس | سونے والوں کی رگیں | واطراف الاکف | ہتھیلوں کے پورے |
| منیرہ | دینار | نلت الود | مجھے محبت حاصل ہوگئی |
| حدائد الضراب | ڈھالنے والوں کی چوٹوں | مال هين | مال تو معمولی چیز |
| ذا الھمام | بلند ہمت باد شاہ | نهار الزاهر | روشن دن |
| عنم | عنم کا درخت | لا یخفی | پوشیدہ نہیں |
| قمر الباهر | درخشاں چاند | زرنا حدیقہ | ہم نے باغ دیکھا |

۵۲۔ تیسرا باب ہے --- کے بارے میں ؟

(۱) اعراض تشبیہ (۲) تشبیہ تمثیل (۳) تشبیہ قلوب

۵۳۔ اذا کان وجہ الشبہ فیہ صورۃ منتزعۃ من متعدد تعریف ہے ؟

جامعة المدينة فيضان مدينه بهلوال

(۱) تشبیہ تمثیل کی　　　(۲) مقلوب کی　　　(۳) استعارہ کی

۵۴۔ و غیر تمثیل اذا لم یکن وجه الشبه ---- ؟

(۱) فيه　　　(۲) كذلك　　　(۳) على وجه

۵۵۔ بحتری کے شعر هو بحر السماح والجود فازدر منه قرباً تردد من الفقر بعداً کا ترجمہ ہے ؟

(۱) میرا ممدوح وہ جود و سخاوت کا سمندر ہے، تو اس سے جتنا زیادہ قریب ہوگا اتنا زیادہ فقر سے دور ہوگا

(۲) بہت سی راتیں سمندر کی موجوں جیسی ہیں جنہوں نے طرح طرح کے غموں کے ذریعے پر لے اوپر پر دے ڈالے تاکہ میرا امتحان لیں ۔

۵٦۔ امروو قیس کے شعر وليل كموج البر أرخى معدوله على انواع الهموم التلي کا ترجمہ ؟

(۱) میرا ممدوح وہ جود و سخاوت کا سمندر ہے، تو اس سے جتنا زیادہ قریب ہوگا اتنا زیادہ فقر سے دور ہوگا

(۲) بہت سی راتیں سمندر کی موجوں جیسی ہیں جنہوں نے طرح طرح کے غموں کے ذریعے پر لے اوپر پر دے ڈالے تاکہ میرا امتحان لیں ۔

۵۷۔ لشکر آپ کے دونوں جانب حرکت دے رہا ہے جیسے عقاب پرندہ اپنے دونوں بازوؤں کو پھڑ پھڑاتا ہے ۔ متنبی نے یہ شعر کہا ؟

(۱)ابوفراس کے بارے　　　(۲) ابو قیس کے بارے　　　(۳) سیف الدولہ کے بارے

۵۸۔ مذکورہ شعر میں میں متنبی لشکر کے دونوں جانب (میمنہ اور مغیرہ) کو جن کے در میان سیف الدولہ ہے کو تشبیہ دے رہا ہے ؟

(۱)شیر سے　　　(۲) عقاب سے　　　(۳) کوئی بھی نہیں

۵۹۔ مذکورہ شعر میں وجہ شبہ ماخوذ ہے ؟

(۱) ایک سے　　　(۲)متعدد سے　　　(۳)کوئی بھی نہیں

٦۰۔ وكان الهلال نون لجيش غرقت في صحيفة زرقاء یہ ع کہا ہے ابتدائی تین راتوں کا چاند گویا چاندی کی مچھلی ہے جو نیلے طشت میں ڈوب رہی ہے ؟

جامعۃ المدینہ فیضان مدینہ بھلوال

(۱) سیف الدولہ نے　　　(۲) سری رفانے　　　(۳)ابو فراس نے۔

۶۱۔ وجہ شبہ کا مفرد ہونا صفات مشترکہ کے متعدد ہونے سے ؟

(۱) مانع ہے　　　(۲) مانع نہیں　　　(۳) دونوں

۶۲۔ ابن المعرہ کے شر قد انقضت دول العالم وقد سر مع الطلاب بالبعد کا ترجمہ ؟

(۱) ماہ رمضان کی حکومت ختم ہوگئی اور پہلی رات کے چاند نے عید کی خوشخبری دی

(۲) چاند ثریا کہ مجھے منہ پھاڑے ہوئے لالچی کی طرح چل رہا اپنا منہ کھولے ہوئے تاکہ انگور کے گوشے کھائے

۶۳۔ یتلو الشر یا کفاخر شدہ ... مذکورہ شعر کا ترجمہ ہے ؟

(۱) ماہ رمضان کی حکومت ختم ہوگئی اور پہلی رات کے چاند نے عید کی خوشخبری دی

(۲) چاند ثریا کہ مجھے منہ پھاڑے ہوئے لالچی کی طرح چل رہا اپنا منہ کھولے ہوئے تاکہ انگور کے گوشے کھائے

۶۴۔ تلك شمس باعت بها الارض شمس اسماء: یہ شعر ہے ؟

(۱) تمثیل　　　(۲) غیر تمثیل　　　(۳)کوئی بھی نہیں

الفاظ کے معانی :

دق شخصہ : جسکی ذات چھپی ہو

یصول بلاکف : جو بغیر ہاتھ کےحملہ کرتی ہے

ظلم الوغی : جنگ کی تاریکی

فتخالہ : تو اسکو خیال کرے گا

یکر وہ حملہ کرے گا

۶۵۔ ابو تمام کا شعر: لا تنکری عطل الکریم من الغنی فالسیل حرب للمکان العالی کا ترجمہ ہے ؟

(۱)شریف آدمی کے کنگال ہونے پر اسے عار نہ دلا کہ جو سیلاب ہوتے ہیں وہ اونچی جگہ کو ہی نقصان پہنچاتے ہیں

جامعة المدينة فيضان مدينه بهلوال

(۲) بسا اوقات جوان بوڑھا ہو جاتا ہے اور یہ کوئی عجیب بات نہیں کیا تو تر و تازہ نہوں پر سفیدی نہیں دیکھتا

٦٦۔ ابن رومی کے شعر، قد شیب الفتی و لیس عجیباً ان یری النور في القصیب الرطیب کا ترجمہ ہے ؟

(۱)شریف آدمی کے کنگال ہونے پر اسے عار نہ دلا کہ جو سیلاب ہوتے ہیں وہ اونچی جگہ کو ہی نقصان پہنچاتے ہیں

(۲) بسا اوقات جوان بوڑھا ہو جاتا ہے اور یہ کوئی عجیب بات نہیں کیا تو تر و تازہ نہوں پر سفیدی نہیں دیکھتا

٦٧۔ مندرجہ بالا دونوں اشعار مثال ہیں ؟

(۱)تشبیہ مرسل کی (۲)تشبیہ بلیغ کی (۳)تشبیہ ضمنی کی

٦٨۔ کبھی شاعر تشبیہ کی طرف اشارہ کرتا ہے اسکی معروف صورتوں سے کسی صورت کی صراحت کیے بغیر وہ ایسا کرتا ہے ؟

(۱) جدت پیدا کرنے کیلئے اور اس حکم پر دلیل قائم کرنے کیلئے جسکی اس نے مشبہ کی طرف نسبت کی

(۲) تشبیہ کو مخفی رکھنے میں شوق و رغبت پیدا کرنے کیلئے (۳) دونوں

٦٩۔ تشبیہ جب دقیق اور پوشیدہ ہوتی ہے تو وہ دل میں ہوتی ہے ؟

(۱)زیادہ موثر اور بلیغ (۲) راحت (۳) دونوں

۷۰۔ علم البیان کا پانچواں باب ہے تشبیہ کی ---- بارے میں ہے ؟

(۱)ارکان (۲)اقسام (۳) اغراض

۷۱۔ تشبیہ کی اغراض ہیں ؟

(۱)بہت ساری (ذکر ۵ ہیں) (۲)چند (۳) ا کوئی بھی نہیں

۷۲۔ پہلی غرض ہے ؟

(۱) حالت کی مقدار کو بیان کرنا (۲) مشبہ کے ممکن ہونے کو بیان کرنا (۳)حالت بیان کرنا

۷۳۔ نابغہ ذبیبانی نے کہا، فانك شمس والملوك لو الف إذا طلعت لم يبد من كوكب اس کا ترجمہ ہے؟

(۱)گھوڑا تیز رفتار میں اچک لینے والی بجلی کی طرح ہے

جامعة المدينة فيضان مدينة بهلوال

(۲) بیشک تو سورج ہے اور دوسرے بادشاہ ستارے جب سورج طلوع ہوتا ہے تو ان ستاروں میں کوئی ظاہر نہیں ہوتا۔

۷۴۔ مذکورہ شعر مثال ہے ؟

(۱)بیان حالہ مشبہ (۲) بیان مقدار حالہ (۳) تقریر حالہ مشبہ

۷۵۔ ابو حسن نے اس قصیدے سے عربی ادب میں صرف اس وجہ سے شہرت حاصل کر لی کہ اس نے : ( یہ تزیین مشبہ کی مثال ہے) ؟

(۱)نفرت والی چیز کو خوبصورت بنا کر پیش کر دیا (۲) شعر سے قباحت نکال دی (۳) کوئی بھی نہیں

۷۶۔ مذکورہ شعر میں غرض / مثال ہے ؟

(۱)حالہ مشبہ (۲) تزیین مشبہ (۳) تقریر حالہ

۷۷۔ ایک اعرابی نے اپنی بیوی کی مذمت میں کہا (جب وہ اپنا منہ کھولتی ہے اللہ کرے اللہ کرے وہ نہ رہے اگر آپ اسکے منہ کو دیکھیں لگتا ہے جیسے جہنم کا دروازہ کھل گیا۔ اس میں تشبیہ کی کون سی غرض ہے_) ؟

(۱)تقبیحہ مشبہ (۲) حالہ مشبہ (۳)امکان مشبہ

۷۸۔ متنبی کے مطابق تاریکی میں شیر کی آنکھیں ہوتی ہیں ؟

(۱)کالی (۲) سرخ (۳) خوفناک

۷۹۔ تشبیہ کا مقصد مشبہ کو پختہ کرنا ہوتا ہے اور یہ مقصد اس وقت ہوتا ہے جب ؟

(۱)مشبہ ضعیف ہو (۲) مشبہ قوی ہو (۳)مشبہ امر معنوی ہو

۸۰۔ نفس معنویات کا اسطرح یقین نہیں کرتا جس طرح وہ حسیات کا کرتا ہے یہ بات ہے ؟

(۱) درست (۲) غلط (۳) کوئی نہیں

۸۱۔ عام طورپر موج مربی اور فخر اور ایسا اف بیان کرنے میں کا ہوتی ہے جسکی طرف دلوں کا میلان ہو ؟

(۱)تزیین مشبہ (۲)تقبیحہ مشبہ (۳) دونوں

جامعۃ المدینہ فیضان مدینہ بھلوال

۸۲۔ تقبیحہ مشبہ عام طور پر بیان ہوتی ہے ؟

(۱)نفرت کے اظہار (۲)ہجو کیلئے (۳) دونوں

۸۳۔ ابن رومی کا وہ شعر جس میں اسماعیل بن بلل کی مدح کی گئی (کتنے ہی باپ بیٹے کی وجہ سے عزت و شرافت کی چوٹی پر پہنچے جیسے کہ رسول اللہ علیہ وسلم کی وجہ سے عدنان کو بلندی ملی ) اس میں غرض تشبیہ ہے

(۱)بیان حالہ مشبہ (۲) بیان امکان مشبہ (۳) بیان تقریر مشبہ

۸۴۔ ابو طیب کے شعر ہر بادشاہ کا مرجع آپ کو ہی دیکھ رہا ہو ایسا لگتا ہے کہ آپ سمندر ہوں اور دوسرے بادشاہ چھوٹی نہریں : اس میں غرض ہے

(۱)بیان حالہ مشبہ (۲) بیان امکان مشبہ (۳) بیان تقریر مشبہ

۸۵۔ مذکورہ شعر میں مشبہ ، مشبہ بہ ہے ؟

(۱) ك ضمیر ، ملوک اور بحر ، جدوال (۲) کوئی بھی نہیں (۳) ذی جود

۸٦۔ معروفی 83 کے شعر میں وجہ شبہ ہے۔

(۱) چوٹی پر پہنچنا (۲) پہلے کی بلندی دوسرے کے ذریعے (۳) دونوں

۸۷۔ خالی جگہ پر کریں كأن ---- جرأتك ؟

(۱) تعقد النار (۲) قصف الرعد (۳) جرأة الاسد

۸۸۔ کان ----- احتیاله ؟

(۱) حد الحسام (۲) مکر الثعلب (۳) جرأة الاسد

۸۹۔ کان--- صوته المنکر ؟

(۱) حد الحسام (۲) نهیق الحمار (۳) جرأة الاسد

۹۰۔ کان ذل الیتیم ----- ؟

(۱) عزتك (۲) تواضعك (۳) دونوں

جامعۃ المدینہ فیضان مدینہ بھلوال

تشبیہ میں یہ بلاغت، اس کی عمدگی کے انداز ، اس کے مقصد کی دوری، اور اس میں پائے جانے والے تخیل کی مقدار کے اعتبار سے پائی جاتی ہے، البتہ جس کلامی صورت میں تشبیہ ترتیب دی جاتی ہے اس اعتبار سے تشبیہ کی بلاغت مختلف انداز کی ہوتی ہے، چنانچہ سب سے کم درجہ بلاغت والی تشبیہ وہ ہوتی ہے، جس میں اس کے چاروں ارکان مذکور ہوں، کیونکہ تشبیہ کی بلاغت کی بنیاد اس دعوی پر ہے کہ مشبہ بعینہ مشبہ بہ ہے، اور اداۃ تشبیہ اور وجہ شبہ کا ایک ساتھ موجود ہونا اس دعوی کے لئے رکاوٹ ہے، پس جب صرف اداۃ تشبیہ کو یا صرف وجہ شبہ کو حذف کر دیا جائے ، تو بلاغت کے اندر تشبیہ کا درجہ تھوڑا بلند ہو جاتا ہے ، اس لئے کہ اداۃ تشبیہ اور وجہ مشبہ میں سے ایک کے حذف سے مشبہ اور مشبہ بہ کے اتحاد کے دعوی میں تھوڑی سی تقویت ملتی ہے، بہر حال تشبیہ کی اقسام میں سب سے زیادہ بلیغ تو وہ تشبیہ بلیغ ہے، اس لئے کہ وہ مشبہ اور مشبہ بہ کے ایک ہونے کے دعوی پر مبنی ہوتی ہے۔

یہ تشبیہ کی بلاغت کا ذکر تھا ۔ عرب اور متاخرین ادباء اور شعراء سخی کو سمندر اور بارش سے ۔ بہادر کو شیر سے خوبصورت چہرے کو آفتاب اور چاند سے ۔ معاملات کو تیزی سے طے کرنے والے سردار کو تلوار سے . بلند مرتبہ والے کو ستارے سے ۔ برد بار اور سنجیدہ آدمی کو پہاڑ سے ۔ اور جھوٹی تمناؤں کو خوابوں سے ۔ حسین چہرے کو دینار سے ۔ سیاہ بال کو رات سے ۔ صاف شفاف پانی کو چاندی سے ۔ رات کو سمندر کی موج سے لشکر کو موجیں مارتے ہوئے سمندر سے ۔ گھوڑے کو ہوا اور بجلی سے ۔ ستاروں کو موتیوں اور پھولوں سے ۔ دانتوں کو اولے اور موتی سے ۔ کشتیوں کو پہاڑوں سے ۔ چھوٹی نہروں کو ٹیڑھے سانپوں سے ۔ بوڑھاپے کو دن اور تلواروں کی چمک سے ۔ گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی کو پہلی رات کے چاند سے تشبیہ دیتے ہیں، ۔ اسی طرح وہ لوگ بزدل کو شتر مرغ اور مکھی سے ۔ کمینہ کولومڑی سے ۔ سرگشتہ شخص کو پروانے سے ۔ ذلیل شخص کو کیل سے ۔ سنگ دل کولو ہے اور چٹان سے ۔ بیوقوف کو گدھے سے ۔ اور بخیل کو قحط زدہ زمین سے تشبیہ دیتے ہیں۔

عرب کے کچھ لوگ اچھے صفات میں مشہور گذرے ہیں ، یہاں تک کہ وہ لوگ ان صفات میں ضرب المثل بن گئے تو ان کے ساتھ تشبیہ جاری ہوگئی، چنانچہ وفادار کو سموئل سے ۔ سخی کو حاتم طائی سے ۔ برد بار کو احنف سے ۔ فصیح شخص

جامعۃ المدینہ فیضان مدینہ بھلوال

کو سحبان بن وائل سے ۔ خطیب ( مقرر ) کوقُس بن ساعدہ ایادی سے ۔ بہادر کو عمرو بن معدیکرب سے ۔ دانا کو حضرت لقمان سے ۔ اور ذہین کو ایاس سے تشبیہ دی جاتی ہے۔

اور کچھ لوگ برے اوصاف کے ساتھ مشہور گذرے ہیں تو ان کے ساتھ بھی تشبیہ جاری ہوگئی، چنانچہ عاجز شخص کو باقل سے ۔ بیوقوف کو یزید بن ثروان قیسی هَبَنَّقَه سے - شرمندہ کو کسعی سے ۔ بخیل کو مخارق مارد سے ۔ ہجو کرنے والے کو شاعر خطیئہ سے ۔ اور سنگ دل کو حجاج بن یوسف سے تشبیہ دی جاتی ہے۔

۹۱۔ ادب کی کتابوں میں ایک واقعہ لکھا ہے جس میں ابو تمام نے ---کی تعریف میں شعر کہا ہے ؟

(۱) عمر بن معدیکرب (۲) احمد بن معتصم (۳) قیاس بن شیخ

۹۲۔ ممدوح میں --- کا اقدام ہے؟

(۱) عمر بن معدیکرب (۲) احمد بن معتصم (۳) قیاس بن شیخ

۹۳۔ ذہانت مشہور ہے ؟

(۱) ایاس کی (۲) حاتم طائی کی (۳) کوئی نہیں

۹۴۔ سخاوت مشہور ہے ؟

(۱) حاتم طائی کی (۲) قیاس کی (۳) کوئی نہیں

۹۵۔ بردباری مشہور ہے ؟

(۱) ایاس کی (۲) حاتم کی (۳) احنف بن قیس

۹۶۔ تشبیہ لانے کا مقصد ہوتا ہے ؟

(۱) بیان و وضاحت (۲) شی کو قریب الی فہم کرنا (۳) دونوں

جامعة المدينة فيضان مدينة بهلوال